شرائط نیلامی لیز / پٹہ شکار ماہی برائے سال 2027-2026

1. لیز (Lease) / پٹہ کی میعاد تاریخ اجراء لائسنس تا 31 اگست 2027ء، تک ہو گی۔

2. ڈائریکٹر جنرل محکمہ ایکواکلچر و ماہی پروری و دیگر مجاز افسران پنجاب فشریز آرڈیننس 1961ء وفشریز رولز 1965ء (وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ) اور پنجاب ڈیلیگیشن آف فنانشیل پاور رولز 2016ء کے مطابق لیز / پٹہ کی منظوری دیں گے۔

3. سب سے زیادہ بولی دہندہ لیز / پٹہ کی منظوری تک اپنی بولی کا پابند ہو گا۔ سرکاری بولی سے کم بولی کی صورت میں ڈائریکٹر جنرل محکمہ ایکواکلچر و ماہی پروری متعلقہ پانی کو محکمانہ طور پر ریزرو کر سکتے ہیں بصورت دیگر پنجاب ڈیلیگیشن آف فنانشیل پاورز رولز 2016ء کے تحت سپیشل کمیٹی، ایڈمنسٹریٹو ڈیپارٹمنٹ کو سرکاری پانی کی بولی کی منظوری کے لیے سفارش کرے گی۔ تاہم بولی کی منظوری میں تاخیر کی صورت میں محکمہ پر قطعاً کوئی ذمہ داری عائد نہ ہو گی نیز بولی دہندہ محکمہ سے کسی قسم کا ہرجانہ طلب کرنے یا میعاد لیز / پٹہ بڑھانے کا مطالبہ کرنے کا مجاز نہ ہو گا۔

4. بولی دہندہ کو نیلامی میں حصہ لینے کے لئے متعلقہ پانی کی ریزور پرائس سرکاری بولی کا 30٪ بطور سکیورٹی نیلامی سے قبل آفیسر نیلام کنندہ کو جمع کروانا ہو گی۔ مزید بر آں دورانِ نیلامی سرکاری بولی کا دو گنا یا زائد بڑھنے کی صورت میں، آفیسر نیلام کنندہ بولی دہندگان سے بر موقع سکیورٹی کا 30٪ مزید وصول کرنے کا مجاز ہو گا۔ نیلامی ختم ہونے کے بعد باخذ رسید واپس کر دی جائے گی ماسوائے اس بولی دہندہ کے جس کے حق میں بولی ختم ہو گی اس صورت میں سکیورٹی کی رقم، پٹہ کی رقم میں شامل کر لی جائے گی۔

5. سب سے زیادہ بولی دہندہ اپنی بولی کا تا منظوری لیز / پٹہ پابند ہو گا۔ تاہم حتمی منظوری سے پہلے کوئی بھی شخص جو سابقہ نیلامی میں موجود نہ ہو، آخری بولی کی رقم بمعہ 50٪ اضافی رقم یعنی کل پیش کردہ رقم کا بینک ڈرافٹ پے آرڈر یا کیش ڈیپازٹ رسید (CDR) بذریعہ مقامی آفیسر نیلام کنندہ جمع کروا کر دربارہ نیلامی کے انعقاد کے لیے ڈائریکٹر جنرل محکمہ ایکواکلچر و ماہی پروری پنجاب کو درخواست کر سکتا ہے۔ واضح رہے کہ پیشکش دہندہ اگر نیلامی میں حصہ نہیں لیتا تو نیلامی روک نہ جائے گی اور اس کی پیشکش کردہ رقم اسکی بولی تصور ہو گی۔ ناکام بولی دہندگان کی رقم بر موقع واپس کر دی جائے گی۔ جبکہ سب سے زیادہ بولی دہندہ کی رقم لیز / پٹہ میں شامل کر لی جائے گی۔

6. سب سے زیادہ بولی دہندہ کو بولی کے اختتام پر کل رقم بمعہ مروجہ ٹیکس نقد یا بینک ڈرافٹ / پے آرڈر یا کیش ڈیپازٹ رسید (CDR) کی صورت میں بولی کی تاریخ سے دس ورکنگ ایام میں ادا کرنا ہو گی بصورت دیگر ضابطے کی کاروائی کے بعد اس کی بولی منسوخ کر کے جمع شدہ رقم بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی اور ٹھیکہ / پٹہ دوبارہ نیلام کر دیا جائے گا۔

7. سب سے زیادہ بولی دہندہ سے وصول شدہ رقم (نقد یا بینک ڈرافٹ / پے آرڈر یا کیش ڈیپازٹ رسید CDR) مجاز آفیسر کی جانب سے بولی کی حتمی منظوری تک بطور امانت تصور ہو گی نیز بولی دہندہ کو امانت میں جمع شدہ رقم کے عوض کسی منافع (Interest) کا حق حاصل نہ ہو گا اور بولی نامنظور ہونے پر جمع شدہ رقم متعلقہ بولی دہندہ کو اسکی تحریری درخواست پر واپس کر دی جائے گی۔

8. کامیاب بولی دہندہ رقم نیلامی کے ساتھ مروجہ شرح سے انکم ٹیکس و دیگر ٹیکس دینے کا پابند ہو گا۔ بصورت دیگر ٹھیکہ کی جمع شدہ رقم ضبط کر کے مذکورہ پانی دوبارہ نیلام کر دیا جائے گا۔ ٹیکس کی رقم 20 ہزار روپے یا اس سے زائد ہو تو صرف بینک ڈرافٹ / پے آرڈر / کیش ڈیپازٹ رسید (CDR) کی صورت میں ہی قبول کی جائے گی۔

9 آفیسر نیلام کنندہ بولی دہندہ کی طرف سے دیئے گئے بینک ڈرافٹ، پے آرڈر یا کیش ڈیپازٹ رسید (CDR) کو متعلقہ بینک سے تصدیق کروانے کا پابند ہو گا اور اس کے بوگس / جعلی ہونے کی صورت میں بولی دہندہ کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

10. ڈائریکٹر جنرل محکمہ ایکواکلچر و ماہی پروری کسی بھی منحرف بولی دہندہ کی جمع شدہ رقم بحق سرکار ضبط کرنے اور تین سال تک کسی بھی محکمانہ بولی میں حصہ لینے سے Debar کرنے کا مجاز ہوں گے۔

11. محکمہ ایکواکلچر و ماہی پروری کے کسی قسم کے بقایا دار، Debarred ٹھیکہ دار / پٹہ دار یا وہ فرد جو سال رواں یا سابقہ تین سالوں میں کسی لیز / پٹہ میں بولی سے منحرف یا رقم جمع کروانے سے قاصر رہا ہو وہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہو گا۔

SENIOR ECONOMIST
DEPARTMENT OF FISHERIES
HEADQUARTER, LAHORE

12. بعد از منظوری لیز / پٹہ، ٹھیکیدار / پٹہ دار، اپنا معاہدہ نامہ / پٹہ نامہ / اقرار نامہ متعلقہ آفیسر نیلام کنندہ (نمائندہ ڈائریکٹر جنرل محکمہ ایکواکلچر وماہی پروری) کو پیش کر کے لائسنس پٹہ اور پرمٹ حاصل کرنے کا خود ذمہ دار ہو گا۔ تاخیر و دیگر نتائج کی تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار / پٹہ دار پر عائد ہو گی۔

13. ٹھیکیدار / پٹہ دار کی طرف سے پنجاب فشریز آرڈیننس 1961 اور فشریز رولز 1965 (وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ) کی خلاف ورزی و تمام تر ممنوعہ طریقہ ہائے فشنگ بشمول الیکٹرک فشنگ، زہر پاشی، دھماکہ خیز مواد، نائلن لرپٹی وغیرہ استعمال کرنے پر یا شکار ماہی کے علاوہ کسی بھی دیگر غیر قانونی سرگرمیوں بالخصوص وائلڈ لائف یا جنگلات کی تلفی میں ملوث پایا گیا تو ڈائریکٹر جنرل محکمہ ایکواکلچر وماہی پروری کو حق حاصل ہو گا کہ وہ پٹہ و تمام جاری شدہ پرمٹ منسوخ کر دے اور تمام جمع شدہ رقم بحق سرکار ضبط کر کے لیز / پٹہ دوبارہ نیلام کر دے۔

14. ٹھیکہ دار / پٹہ دار (Lessee) کو حق حاصل نہ ہو گا کہ وہ نیلام شدہ پانی کلیتاً یا ٹکڑے ٹکڑے کر کے اپنے طور پر نیلام کرے یا کسی اور کو منتقل کرے۔ ایسا اقدام غیر قانونی تصور ہو گا۔ جس پر قصوروار ٹھیکہ دار / پٹہ دار کے خلاف محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

15. محکمہ ایکواکلچر وماہی پروری کی طرف سے مروجہ قوانین کے تحت جاری شدہ یومیہ یا صوبائی لائسنس بنسی ڈوری رکھنے والوں کو ٹھیکہ دار / پٹہ دار نیلام شدہ پانی میں (ماسوائے سال ڈیم) شکار سے روکنے کا مجاز نہ ہو گا۔ تاہم نیلام شدہ پانی میں لگائے گئے کیج یا فلوٹنگ سٹریکچر زپر بیٹھ کر کنڈی ڈوری سے شکار ممنوع ہو گا۔

16. شکار ماہی کے لیے صرف اجازت شدہ جال استعمال ہو گا اور اسکی آنکھ کا گھیرہ گرہ سے گرہ تک ڈیڑھ انچ اور کل گھیرہ چھ (6) انچ سے کم نہ ہو گا خلاف ورزی پر متعلقہ آفیسر لیز / پٹہ کی منسوخی یا دیگر قانونی کاروائی کا مجاز ہو گا۔

17. ٹھیکہ دار / پٹہ دار (Lessee) جس وقت عملی طور پر مہاجال سے شکار کر رہا ہو صرف اسی وقت وہ وہاں پر باندھا لگانے کا مجاز ہو گا۔ اس کے علاوہ کسی بھی جگہ مستقل باندھا لگانا خلافِ قانون ہو گا۔ جس پر ٹھیکہ دار / پٹہ دار کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

18. بندی کے موسم (یکم جون تا 31 اگست) میں پنجاب فشریز آرڈیننس 1961 اور فشریز رولز 1965 کے تحت شکار ماہی ماسوائے بنسی ڈوری / کنڈی اور لنگ ممنوع ہو گا۔

19. لیز / پٹہ حقوق شکار ماہی "جہاں ہے جیسے ہے" کی بنیاد پر ہو گا۔ کسی پرائیویٹ فرد / افراد یا سرکاری ادارہ کی طرف سے دفاعی مقاصد / قدرتی آفات / ہنگامی حالات / موسمی حالات یا کسی بھی وجہ سے پانی یا شکار میں کمی بیشی کا محکمہ ایکواکلچر وماہی پروری ذمہ دار نہ ہو گا۔ محکمانہ ترقیاتی سکیم کی صورت میں محکمہ ٹھیکہ / پٹہ منسوخ کرنے کا مجاز ہو گا تاہم اس صورت میں وقت میعاد ٹھیکہ کے تناسب سے ٹھیکہ / پٹہ دار کو بقایا رقم کلیم پر واپس کر دی جائے گی۔

20. ٹھیکیدار / پٹہ دار، محکمہ ایکواکلچر وماہی پروری سے NOC لینے والے Cage culturist کو نیلام شدہ سرکاری پانی کے مختص ایریا میں Cage لگانے سے روکنے کا مجاز نہ ہو گا۔

21. کسی بھی شرط نیلامی کی خلاف ورزی کی صورت میں محکمہ ٹھیکہ / پٹہ Cancel کر کے اداشدہ رقم کو بحق سرکار ضبط کرنے کا مجاز ہو گا۔

22. ڈائریکٹر جنرل محکمہ ایکواکلچر وماہی پروری پنجاب کو اختیار ہو گا کہ حتمی منظوری سے قبل کسی بھی مرحلہ پر سابقہ بولی منسوخ کر کے لیز / پٹہ دوبارہ نیلام کر دیں۔

23. کسی تنازعہ کی صورت میں ڈائریکٹر جنرل محکمہ ایکواکلچر وماہی پروری پنجاب کا فیصلہ حتمی تصور ہو گا۔

ڈائریکٹر جنرل محکمہ ایکواکلچر وماہی پروری

میں نے جملہ شرائطِ نیلامی لیز / پٹہ عوام الناس کی موجودگی میں پڑھ / سُن لی ہیں۔ اور ان کو قبول کر کے بولی میں حصہ لیا ہے۔

نمبر شمار	نام و پتہ بولی دہندہ	شناختی کارڈ نمبر	دستخط / نشان انگوٹھا

بولی دہندہ / پٹہ دار

دستخط تصدیق کنندہ

اسسٹنٹ وارڈن فشریز، ضلع ____________________ نام و دستخط آفیسر نیلام کنندہ

SENIOR ECONOMIST
DEPARTMENT OF FISHERIES
HEADQUARTER, LAHORE